13 اگست 2018ء

درآمدات پر پیشگی ادائیگی اور اوپن اکاؤنٹ بنیاد پر درآمد کے بارے میں ہدایات میں ترامیم

حال ہی میں بینک دولت پاکستان نے مجاز ڈیلرز کے توسط سے درآمد کنندگان کو حاصل پیشگی ادائیگی کی سہولت سے متعلق ہدایات پر نظر ثانی کی تھی اور اوپن اکاؤنٹ کی بنیاد پر درآمد کو صرف اسپئیر پارٹس / خام مال کی درآمد کے لیے مینوفیکچرنگ اور صنعتی استعمال کنندگان تک محدود کر دیا تھا۔

متعدد اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے آراء سامنے آنے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جو پابندیاں قبل ازیں درآمدات پر پیشگی ادائیگیوں پر عائد کی گئی تھیں 14 جولائی 2018ء کو یا اس سے قبل قائم کیے گئے لیٹرز آف کریڈٹ (جن میں پیشگی ادائیگی سے متعلق کلاز موجود ہو) پر لاگو نہیں ہوں گی۔

مزید یہ کہ 20 جولائی 2018ء کو یا اس سے قبل شپنگ دستاویزات کے اجرا اور 10 اگست 2018ء تک پاکستان کسٹمز میں گڈز ڈکلیریشن جمع کرانے سے متعلق شرائط ان کیسز پر لاگو نہیں ہوں گی جہاں کنسائنمنٹس 20 جولائی 2018ء کو یا اس سے پہلے شپمنٹ کی بندرگاہوں پر داخل ہو چکی ہوں۔

چنانچہ اسٹیٹ بینک نے ای پی ڈی کے سرکلر لیٹر نمبر 12 بتاریخ 13 اگست 2018ء کے توسط سے مجاز ڈیلرز کو ہدایت کر دی ہے۔

***